# 23-08-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی دہلی کے دورہ پر ہیں جہاں وہ مرکزی وزراء اور پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات کر رہے ہیں۔

☆ ریاستی گورنر جیشنو دیو ورما نے مختلف محکموں کی جانب سے کئے جا رہے اقدامات کی ستائش کی۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ ہندوستانی خلائی ادارہ اسرو نے نہ صرف خلائی شعبہ میں بلکہ ملک کی سماجی واقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

☆ تلنگانہ میں ڈاکٹروں کا احتجاج آج دسویں روز بھی جاری رہا۔ ڈاکٹروں نے تحفظ اور سلامتی سے متعلق یقین دہانی تک احتجاج جاری رکھنے کا اعادہ کیا۔

☆☆☆☆☆

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ تلنگانہ کے مختلف اضلاع نرمل، نظام آباد، رنگا ریڈی، وقار آباد، سنگا ریڈی، میدک، کاماریڈی کے کئی مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی یومیہ رپورٹ میں بتایا کہ عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچر یال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ونپرتی اور نارائن پیٹ میں کل بھی بارش کا امکان ہے۔ تلنگانہ کے بیشتر اضلاع میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تیز ہوائیں اور گرج چمک ہوسکتی ہے۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق ہے۔ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران محبوب نگر ضلع کے کئی علاقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی دہلی کے روانہ ہوئے ہیں جہاں وہ پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ توقع کی جا رہی ہے کہ اس دورے کے دوران کابینہ میں توسیع کو حتمی شکل دی جاسکتی ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق ریاست میں کانگریس صدر اور دیگر اہم عہدوں کی تقرری بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔ ریونت ریڈی کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے، راہل گاندھی، کے سی وینو گوپال سمیت دیگر سینئر قائدین سے ملاقات کریں گے۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا، ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی اور تلنگانہ کانگریس کی انچارج دیپا داس منشی بھی ان اجلاسوں میں شامل رہیں گے۔ پی سی سی سربراہ کی تقرری کا معاملہ طویل وقت سے زیر التوا ہے اور توقع ہے کہ اس پر کوئی فیصلہ لیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ ہندوستانی خلائی ادارہ اسرو نے نہ صرف خلائی شعبہ میں بلکہ ملک کی سماجی واقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے پہلے یوم خلاء کے موقع پر نئی دہلی میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کیا۔ دروپدی مرمو نے کہا کہ خلائی شعبہ کی ترقی سے دیگر شعبہ جیسے صحت، ٹرانسپورٹیشن، ماحولیات، توانائی، سکیورٹی اور آئی ٹی کو کافی فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلائی شعبہ میں تحقیق سے کائنات کے راز کھل رہے ہیں، انسان کی صلاحیتوں میں اضافہ ہورہا ہے اور خواب حقیقت میں تبدیل ہورہے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ اسرو کا چندریان مشن جب چاند پر پہنچا تو یہ سبھی ہندوستانیوں کیلئے فخر کا لمحہ تھا۔ اسرو کے چیئرمین ایس سومناتھ نے اس موقع پر کہا کہ ملک بھر میں قومی یوم خلاء بڑے پیمانے پر منایا جا رہا ہے۔ اس تقریب کے دوران صدر جمہوریہ نے اسرو کے روبوٹیکس چیالنج اور بھارتیہ انترکش ہیاکتون کے کامیاب امیدواروں میں انعامات تقسیم کیے۔

☆☆☆☆☆

ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور اقلیتوں کے امور پر ریاستی حکومت کے مشیر محمد علی شبیر کل اقلیتی اداروں کے صدور نشین اور دیگر عہدیداروں کے ہمراہ ایک اجلاس منعقد کریں گے تاکہ بجٹ کی تخصیص اور اقلیتی فلاحی اسکیموں کے نفاذ پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ حالیہ اسمبلی انتخابات سے پہلے کانگریس کے انتخابی منشور میں اقلیتوں سے کئے گئے وعدوں کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ اقلیتی بہبود کے خصوصی چیف سکریٹری تفسیر اقبال نے بتایا کہ انتخابی وعدوں کے نفاذ پر توجہ مرکوز رہے گی۔ اس سال ریاستی حکومت نے اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لئے بجٹ میں 3 ہزار کروڑ روپئے مختص کئے ہیں۔

ریاستی خواتین کمیشن نے کونڈاریڈی پلی میں دوخاتون صحافیوں پر حملے کی رپورٹ ناگرکرنول پولیس سے طلب کی ہے۔سابقہ متحدہ ضلع محبوب نگر میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے آبائی گاؤں میں یہ واقعہ پیش آیا ہے۔تلنگانہ ریاستی خواتین کمیشن نے اس واقعہ کا ازخودنوٹس لیا اور کمیشن کی چیئرپرسن شاردھا نریلا سوشیل میڈیا پر ایک پوسٹ کے ذریعہ بتایا کہ کمیشن نے ناگرکرنول ایس پی سے کہا کہ وہ اس واقعہ کی شفاف اور تیزی سے جانچ کو یقینی بنائیں اور اس حوالہ سے ایک تفصیلی رپورٹ کمیشن کو روانہ کریں۔اس سے قبل دونوں خاتون صحافیوں اے سریتا اور وجیا ریڈی نے خواتین کمیشن کی چیئرپرسن سے ان کے دفتر پر ملاقات کی اور اپنی شکایت درج کرائی۔اس دوران نریلا نے انہیں قصورواروں کے خلاف کاروائی کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆☆

سابق ریاستی وزیر وسدی پیٹ سے بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے ڈیری پروڈکشن اور زراعت کیلئے اہم مویشیوں کی دیکھ ریکھ میں لاپرواہی برتنے کا ریاستی حکومت پر الزام عائد کیا۔وزیراعلیٰ کو روانہ کردہ ایک مکتوب میں ہریش راؤ نے اس پر تشویش کا اظہار کیا کہ گائے ،بھینس ،بھیڑ،بکریوں کی دیکھ ریکھ کیلئے حکومت خاص توجہ نہیں دے رہی ہے۔انہوں نے سوال کیا کہ وزیراعلیٰ کے تحت آنے والا محکمہ افزائش مویشیاں اس شعبہ سے جڑے مسائل کیوں حل نہیں کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ نومہینوں سے سرکاری ویٹرنری دواخانوں میں ضروری ادویات کی قلت ہورہی ہے۔ ہریش راؤ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ مویشیوں کی دیکھ ریکھ اور اس شعبہ سے جڑے ملازمین کی فلاح کے اقدامات کریں۔

☆☆☆☆☆

کولکتہ کے آر جی کار ہاسپٹل میں ڈاکٹر کی عصمت ریزی و قتل واقعہ کے خلاف تلنگانہ میں ڈاکٹروں کا احتجاج جاری ہے۔حالانکہ مختلف ریاستوں میں ڈاکٹروں کی تنظیموں نے ہڑتال ختم کردی ہے لیکن ریاست میں یہ ہڑتال دسویں دن میں داخل ہوگئی ہے۔تلنگانہ کے جونیئر ڈاکٹر اسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر کے راہول نے کہا کہ ڈاکٹروں کی سلامتی سے متعلق تشویش جب تک دور نہیں ہوتی ان کی ہڑتال جاری رہے گی۔ان کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق اسوسی ایشن ریاستی حکومت سے تحریری یقین دہانی چاہتی ہے کہ تلنگانہ میں میڈیکل کالج اور اسپتالوں میں ڈاکٹروں کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی گورنر جیشنو دیو ورما نے مرکزی اسکیموں اور دیگر ترقیاتی سرگرمیوں کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے مختلف محکموں کے اعلیٰ عہدیداروں کے ہمراہ ایک اجلاس منعقد کیا۔اس دوران ہر محکمہ نے پاور پوائنٹ پرزنٹیشن کے ذریعہ اپنی سرگرمیوں سے واقف کروایا۔محکمہ بلدی نظم ونسق وشہری ترقی ،محکمہ پنچایت راج ودیہی ترقی ،محکمہ صحت وخاندانی بہبود،محکمہ قبائیلی بہبود،محکمہ سیاحت وثقافت اور محکمہ خزانہ ومنصوبہ بندی کے عہدیداروں نے اس اجلاس میں شرکت کی۔اس موقع پر گورنر جیشنو دیو ورما نے محکموں کی جانب سے کیئے گئے اقدامات کی ستائش کی۔اس موقع پر گورنر نے حکام سے کہا کہ وہ گرام پنچایتوں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں ماڈل گرام پنچایت بنائیں جو کہ ہر شعبہ میں خودمکتفی رہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس پارٹی قائدین کے ایک وفد نے ڈی جی پی جتیندر سے ان کے دفتر واقع حیدرآباد میں ملاقات کی اور سوریا پیٹ ضلع کے ترول گیری میں بی آر ایس قائدین پر حملے کی شکایت درج کرائی۔بی آر ایس کے کارگذار صدر کے تارک راماراؤ کی قیادت میں وفد نے ڈی جی پی کو ایک یادداشت پیش کی جس میں کہا گیا کہ تقریباً پچاس کانگریس کارکنوں نے مبینہ طور پر بی آر ایس لیڈروں پر اس وقت حملہ کیا جب وہ پرامن طور پر مظاہرہ کررہے تھے۔بی آر ایس لیڈر نے دوخاتون صحافیوں پر ہوئے حملے کی بھی شکایت درج کرائی۔تارک راماراؤ نے کہا کہ حملہ کے وقت پولیس خاموش تماشائی بنی رہی اور انہوں نے متعلقہ پولیس عہدیداروں کے خلاف کاروائی کرنے کا بھی ڈی جی پی سے مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزارت تعلیم نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اسکولوں کے تحفظ اور صلاحیتوں سے متعلق رہنمایانہ خطوط پر عمل کرے۔ وزارت تعلیم نے پاکسو ہدایات کے مطابق یہ رہنمایانہ خطوط ترتیب دیئے ہیں۔ سرکاری امدادی اور خانگی اسکولوں میں زیر تعلیم طلبہ کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے اسکول انتظامیہ کو جوابدہ بنایا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا کے ہمراہ مرکزی وزیر مواصلات جوتیرآدتیہ سندھیا سے ملاقات کی اور ٹی فائبر پراجکٹ کے ڈی پی آر کو منظوری دینے پر زور دیا۔ ٹی فائبر پراجکٹ کے ذریعہ ریاست کے تمام گرام پنچایتوں اور منڈلوں کو منسلک کیا جائے گا اور 65 ہزار سرکاری تنظیموں کو جی ٹو جی، جی ٹو سی خدمات مہیا کی جائیں گی۔ ٹی فائبر کے ذریعہ صرف 300 روپئے میں شہروں کے تمیں لاکھ مکانات اور دیہی علاقوں کو 63 لاکھ گھروں تک کیبل ٹی وی، ای ایجوکیشن خدمات فراہم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے مرکزی وزیر سے ٹی فائبر پراجکٹ کو 1779 کروڑ روپئے کا بلاسودی قرض دینے کی بھی اپیل کی۔

☆☆☆☆☆